04/8/25
C.O
ADC (Pub)

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 153 | پیر، 9 صفر المظفر، 4 اگست 2025ء، 20 ساون، صفحات 10 قیمت 40 روپے

پاکپتن: خصوصی افراد میں معاون آلات کی تقسیم کے موقع پر مہمان خصوصی ایم پی اے چودھری جاوید احمد، ڈپٹی کمشنر آصف رضا اور دیگر افسران کا گروپ فوٹو

خصوصی افراد کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں: ڈی سی پاکپتن

یہ فلاح نہیں انسانیت کا تقاضا ہے، آصف رضا، معاون آلات کی تقسیم کے دوران خطاب

پاکپتن (نمائندہ ایکسپریس) خصوصی افراد ہمارے معاشرے کا وہ روشن چہرہ ہیں جو اگر سہولیات اور مواقع میسر آئیں تو معاشی، سماجی اور تعلیمی میدان میں کارہائے نمایاں انجام دے سکتے ہیں۔ حکومتِ پنجاب وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں خصوصی افراد کی خودمختاری اور انضمام کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ یہ صرف فلاح نہیں بلکہ برابری اور انسانیت کا تقاضا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے میونسپل کمیٹی ہال میں خصوصی افراد میں معاون آلات کی تقسیم کی تیسری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مہمانِ خصوصی ایم پی اے چودھری جاوید احمد نے کہا کہ خصوصی افراد کو سہولیات فراہم کرنا صرف حکومتی فرض نہیں بلکہ یہ معاشرتی ترقی کی شرط ہے۔ تقریب میں مجموعی طور پر 109 معاون آلات تقسیم کیے گئے جن میں بڑوں کے لیے 49 اور بچوں کے لیے 8 ویل چیئرز، 6 واکنگ فریم، 2 رولیٹرز، 9 ٹوائلٹ چیئرز، 4 بیساکھیاں اور 31 چھڑیاں شامل تھیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شگفتہ جبیں، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مدیحہ گیلانی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی خالد خان سمیت مختلف محکموں کے افسران، اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

08/4/25
C.O
AD (Pub)

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER APNS.CPNE
روزنامہ
ایڈیٹر انچیف اویس رؤف
جہان پاکستان
لاہور
جلد 13 | اتوار 8 صفرالمظفر 1447، 3 اگست 2025ء 18 ساون 2079 ب | شمارہ 316 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

سوشل ویلفیئر کمپلیکس کے زیرانتظام دارالامان میں تقریب

ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اظہر یوسف، ذکاءالدین ودیگر نے یوم آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالی

ڈیرہ غازیخان (ڈپٹی بیوروچیف): ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد کی ہدایت پر ضلع ڈیرہ غازی خان میں یومِ آزادی کی تقریبات بھرپور جوش و خروش سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں سوشل ویلفیئر کمپلیکس کے زیر انتظام دارالامان میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں وہاں مقیم خواتین میں تحائف تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں ڈویژنل ڈاءریکٹر سوشل ویلفیئر اظہر یوسف، ڈپٹی ڈائریکٹر ذکاء الدین بزدار، انچارج دارالامان رمیشہ مجاہد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد بلال اور ویمن پروٹیکشن آفیسر ثریا مجید رانا نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے یومِ آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور دارالامان کی رہائشی خواتین کو قومی دن کی خوشیوں میں شامل کرنے کے اقدام کو سراہا۔ تحائف کی تقسیم کا مقصد ان خواتین کو معاشرے کا فعال اور باوقار حصہ بننے کا احساس دلانا تھا۔ تقریب کا اختتام پر قومی نغمے پیش کیے گئے۔



ڈیرہ غازیخان: ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اظہر یوسف دارالامان میں مقیم خواتین میں تحائف تقسیم کررہے ہیں

CamScanner